-THE NON-FORMAL WAY-

# LEARN ENGLISH II & III
## PACKAGE B

## Teacher's Guide



Bureau for University Extension & Special Programmes/Projects
Allama Iqbal Open University, Islamabad

-THE NON-FORMAL WAY-

# LEARN ENGLISH II & III
## PACKAGE B

# Teacher's Guide

Ministry of Federal Education & Professional Training
Bureau for University Extension & Special Programmes/Projects
Allama Iqbal Open University, Islamabad

# COURSE TEAM

| | |
|---|---|
| Director | Dr. Tanzila Nabeel |
| Programme Development Coordinator | Muhammad Younus |
| Course Coordinator | Abida Rizwan |
| Unit Writer | Nasara Habib |
| Reviewer | Dr. Zafar Iqbal |
| | Fazal Kareem |
| | Rooh-ul-Ameen |
| | Abida Rizwan |
| | Asifa Dilshad |
| Facilitator | Nadeem Qadri |
| Layout Design | Rauf-ur-Rehman, Iffra Khalid<br>Akmal Shahzad, Farhan Javaid |

# PREFACE

The mission of Iqbal Open University Leadership is to provide flexible and affordable educational opportunities to all the students in general and female students in particular. These opportunities are for those who had left their education at a very early stage or never had any such chance to complete their education. The Bureau for University Extension & Special Programmes / Projects (BUESP) is almost as old as University itself to fulfill the mission of AIOU in
letter and spirit.

In February 1975, the AIOU started its work at the grass root level, to overcome the hurdles being faced by these students. Various nature of courses are being offered for vulnerable groups by AIOU, through its Integrated Functional Education (IFE) Project.

AIOU is perhaps the only institute which is catering for Basic literacy, school, college, university education and even provides life-long learning opportunities to the nation. The vision of the BUSEP is to upgrade the life style and to improve the socio-economics status of the people by providing them cost effective, flexible high skilled educational opportunities at their doorsteps.

The package "B" under study is developed for covering Grade-II & Grade-III.It is developed with the help of JICA to serve and support for the targeted goal. The package is based on The National Curriculum developed in 2016, Federal Curriculum developed in 2017-2018, Accelerated Learning Programme (APL) developed for Sindh and Balochistan and curriculum for Basic level developed by AIOU in 2014-2015. All four basic skills i.e. listening, speaking, reading and writing have been equal space and touch in the book. It will create interest among the learners to learn English through activities based lessons. Efforts have been made to use simple language so that learners understand easily. I hope the targeted learners will enjoy this book and it will bring a tangible from of improvement in their language skills.

**Dr. Tanzila Nabeel**
**Directorate BUSEP**

## COURSE INTRODUCTION

Package 'B' has been written keeping in view the requirements of grade II & III. It consists of six units with different activities to be solved by the learners. The units are:

1. Morning Time
2. After School
3. Stories
4. Sports Day
5. Holidays
6. Safety First

## COURSE OBJECTIVES

After reading this book and solving activities the learners will be able to:

- Produce short vowel sounds.
- Write on morning walk.
- Produce long vowel sounds.
- Know sight words, silent letters and trigraphs.
- Understand subject, verb and sentence.
- Know soft and hard sound of 'c' and 'g'.
- Understand conjunction and adverb.
- Know form of verb and future tense.
- Write a paragraph.
- Recite a poem.
- Know the use of dictionary.
- Take dictation.

# Table of contents


| Sr.no | Units | Page.no |
|---|---|---|
| 1. | Morning Time | 2 |
| 2. | After school | 2 |
| 3. | Stories | 7 |
| 4. | Sports day | 14 |
| 5. | Holidays | 21 |
| 6. | Safety first | 25 |
| 7. | Lesson Plan | 29 |

## Unit 1 & 2






### Introduction

This unit is all about morning time. What you do in the morning?What we feel and see sounds have been explained. Different  when we go for morning walk. Short vowel make the unit easy and understandable activites have been given.

In this unit, how a learners spend his/her time after school has been explained. Long vowels sounds, silent words,sightwords and trigraphs are explained. What are our favourites games are also discussed. To make the lesson easy, different activities have been included.

### حاصلاتِ تدریس

E4Bb102: Identify and differentiate between vowel and consonant letters' sounds

E2Bb202: Use question words in writing as what, who, when, where and why

E1Bb101: Read with comprehension

E4Bb101: Pronounce and spell simple words with silent letters such as wr and kn in write and know.

انگلش زبان میں لکھی گئی کوئی عبارت پڑھنے کے لیے ان گنت قاعدے ہیں اور ان گنت الفاظ ان قاعدوں سے آزاد بھی ہیں اس لیے انگلش زبان غلطیوں کے بغیر پڑھنے کے لیے ضروری ہے کہ نصاب بہت احتیاط سے ترتیب دیا جائے۔

ٹیچر پیکج A کو ذہن میں رکھتے ہوئے صفحہ نمبر پر 6-11 سرگرمی کو کروائیں اس سرگرمی کی مدد سے طلبا کو آگے بتائی جانے والی معلومات سمجھنے میں مدد ملے گی۔ اس طریقہ کار کے ذریعے ہم یہ جانچ بھی سکتے ہیں کہ پچھلی جماعت میں بچوں نے آوازوں کے حوالے سے جو کچھ سیکھا وہ انھیں کس حد تک سمجھے ہیں اس سرگرمی سے طلباء کی دہرائی بھی ہو جائے گی۔

پہلے دو ابواب میں ذیادہ تر توجہ درست تلفظ کے ساتھ الفاظ پڑھنے پر دی گئی ہے۔ پہلے سبق میں short vowel sounds کو موضوع بنایا گیا ہے اور دوسرے سبق میں long vowel sounds کے قاعدے سمجھائے گئے ہیں۔

اگر کسی یک رکنی لفظ کے درمیان میں vowel letter ہو تو وہ عام طور پر مختصر آواز دیتا ہے، مثلاً bag, ten, pin, not, jug, ۔ ایسی مختصر آواز دینے والے vowel letters کو short vowel letters کہتے ہیں۔

Long vowel sounds کے کئی قاعدے ہیں۔ چند اہم قاعدے یہ ہیں۔

1. اگر کسی لفظ میں کوئی vowel letter ہو اور اس کے بعد Consonant کے ساتھ ساتھ e آئے تو وہ عام طور پر long vowel sound دے گا، مثلاً cake, these, five, bone, tube۔
2. Long A vowel sound / ai اور ay سے بھی لکھی جاتی ہے، مثلاً nail, day۔

3. Long E vowel sound /ee, ea اور ie سے بھی لکھی جاتی ہے، مثلاً wheat, week, field۔

4. Long I vowel sound /igh سے بھی لکھی جاتی ہے، مثلا right ,might , right

5. Long O vowel sound /oa اور ow سے بھی لکھی جاتی ہے، مثلاً boat, crow۔

کتاب میں ہر سبق کہانی سنانے سے شروع کیا گیا ہے تا کہ بچوں کو انگلش زبان سننے کی عادت پڑے۔ اس کے بعد ٹیچر بچوں کو وہی کہانی پڑھنے میں مدد دے اور آوازوں کے قاعدے بھی ساتھ ساتھ بتائے جائیں۔ بعد میں الفاظ بولنے، پڑھنے اور لکھنے کی مشقیں بھی دی گئی ہیں۔ ہر سبق میں رول پلے بھی دیا گیا ہے جس سے بچوں کی انگریزی بول چال کی مشق ہو گی۔ جماعت کے ہر طالب علم کو رول پلے میں باری باری شریک کریں۔ اس سے بچوں کی خود اعتمادی میں اضافہ ہو گا۔

پڑھنے کے عمل میں مزید سہولت پیدا کرنے کے لیے Sight Words بھی دیے گئے ہیں۔ یہ وہ الفاظ ہیں جو انگلش زبان کے صوتی قاعدوں کے مطابق نہیں لکھے جاتے بلکہ ان کے ہجے ذہن نشین کرنے ہوتے ہیں۔ مثلاً is,was,of ہر لفظ کے اردو معنی بتانا ضروری ہیں تا کہ طلبہ اردو الفاظ کے حوالے سے انگلش الفاظ کو بہتر انداز سے سمجھ سکیں۔

انگلش زبان میں بے شمار ایسے الفاظ ہیں جن میں ایک یا ایک سے زیادہ حروف لکھے تو جاتے ہیں لیکن بولے نہیں جاتے۔ ایسے حروف کو Silent Letters کہا جاتا ہے۔ عام استعمال ہونے والے ایسے چند الفاظ بھی دوسرے سبق میں شامل کیے گئے ہیں۔ مثلاً knife, honest, listen وغیرہ۔

Short Vowel Sound کی Practice کرانے کے لئے اساتذہ سب سے پہلے خود ان الفاظ کو صحیح (درست تلفظ کے ساتھ اُونچی) آواز سے ادا کریں۔ پھر طلبہ کو دہرانے کو کہیں پہلے تمام طلبہ یک زبان ہو کر ادائیگی کریں اور پھر انفرادی طور پر ہر طالبعلم سے درست تلفظ کی ادائیگی کروائیں۔ طلبہ کو درست تلفظ کے ساتھ ادائیگی کروائیں۔ جو طلبہ درست تلفظ ادا نہ کر سکیں اُنھیں بار بار دہرائی کرائی جائے تا کہ اُن کے تلفظ کی درست ادائیگی ہو سکے۔

### سرگرمی

طلبہ کو زبانی مشق کراونے کے لئے پہلے ٹیچر الفاظ کو بلند آواز اور درست تلفظ کے ساتھ ادا کریں۔ پھر تمام طلبہ ٹیچر کے ساتھ بلند آواز سے الفاظ کو درست تلفظ سے ادا کریں اسکے بعد انفرادی مشق کروائی جائے اگر کسی طالب علم کا تلفظ درست نہیں تو اسے انفرادی طور پر بار بار مشق کروائیں۔


## سرگرمی

ٹیچر جماعت میں رول پلے کے طور پر چند ہدایات کے ذریعے سے اس سرگرمی کو کروائیں اور اس کے بعد طلبہ کو جوڑوں (Pairs) کی صورت میں یہی سرگرمی عملی طور پر کروائیں۔ عملی کام کرنے کے بعد تمام طلبہ اس سرگرمی کو کاپیوں پر لکھیں۔ یہ کام گھر میں کرنے کے لئے بھی دیا جاسکتا ہے۔

## سرگرمی

ٹیچر طلبہ کے ساتھ مل کر ڈائیلاگ والی سرگرمی کو پڑھیں۔ اسکے بعد رول پلے کے طور پر کروائیں جس کے لئے کوئی سے دو طلبہ سے کہیں کہ ان ڈائیلاگ کو بات چیت کے انداز میں بیان کریں۔ یہاں ٹیچر طلبا کے الفاظ کی ادائیگی، تلفظ اور تاثرات پر خاص توجہ دیں۔ ٹیچر طلبہ کو جوڑوں کی صورت میں بیٹھا کے یہی سرگرمی کو عملی طور پر کروائیں۔

# Unit 3




## Introduction

This unit is about Bookshop. What things are sold in the shop and Dialogue between Dentist and patient. Syllable words, disyllable, comparative, adjective, noun and pronouns have been explained with activities to make it clear for the learners. In this unit a story a vegetable farm has been included. There is also dialogue between two friends to explain Noun. Masculine and feminine has also been explained. There is an interesting gender game in this unit. Regrets has been expressed in a dialogue between two friends. Expression of agree and disagree politely has been included. Punctuation has been included in this unit.

## حاصلاتِ تدریس

E2Bb101: Write di-syllable words with correct spellings

E1Bb303: Understand the story and poems

E4Bb207: Make requests and respond to requests.

E4Bb301: Understand and express opinion about simple stories and poem ( as like, dislike)

E3Bb103: Identify and use noun and pronouns in sentences

E1Bb101: Recognize specific parts of words including common endings like s, es, and ies

E3Bb101: Change the number of nouns by using s and es

E3Bb104: Recognize that the pronouns agree with their nouns in gender and number.

E3Bb102: Change the gender of nouns (masculine/feminine)

E4Bb202: Express regret

E4Bb209: Agree/disagree politely

Syllables کو سمجھانے اور ذہن نشین کروانے کے لئے بچوں (طلبہ) کو مختلف الفاظ بڑے بڑے حروف سے کسی چارٹ وغیرہ پر لکھ کر دیں اور ان الفاظ کو حصوں (syllables) میں کاٹ دیں۔ پھر ان کو جوڑ کر الفاظ بنائیں پھر دوبارہ الگ کر کے syllables کی پہچان کرائیں اور درست تلفظ کروائیں۔ مثلاً

| | |
|---|---|
| pen cil | doc tor |
| uni form | can dle |
| tea cher | cli nic |

درست تلفظ کے لیے ضروری ہے کہ ہر لفظ کو حصوں میں تقسیم کیا جائے۔ اس سبق میں syllable کے تصور کو بھی سمجھایا گیا ہے۔ Syllable کوئی لفظ یا لفظ کا حصہ ہے جس میں ایک vowel sound ہوتا ہے، مثلاً Pen میں ایک syllable ہے اور Pencil میں دو syllable ہیں ___ Pen + cil ۔

ٹیچر طلبہ کو درسی کتاب میں موجود word bankوالے صفحے کو پڑھنے کو کہیں۔

**سرگرمی:**

ٹیچر طلبہ کے ساتھ مل کر ڈائیلاگ والی سرگرمی کو پڑھیں۔ اسکے بعد رول پلے کے طور پر کروائیں جس کے لئے کوئی سے دو طلبہ سے کہیں کہ ان ڈائیلاگ کو بات چیت کے انداز میں بیان کریں۔ یہاں ٹیچر طلبا کے الفاظ کی ادائیگی، تلفظ اور تاثرات پر خاص توجہ دیں۔ ٹیچر طلبہ کو جوڑوں کی صورت میں بٹھا کے یہی سرگرمی کو عملی طور پر کروائیں۔

ٹیچر طلبا سے مخاطب ہو کر کہیں کہ ہم ہر روز لوگوں، چیزوں اور جگہوں کے ناموں کے بارے میں باتیں کرتے ہیں۔ جب ہم کہتے ہیں،I am a boy تو اس جملے میں ایک لڑکا اپنے بارے میں بات کر رہا ہے۔ وہ بتا رہا ہے کہ "میں ایک لڑکا ہوں"۔

بچوں سے کہیں کہ ان کے پاس اور ان کے اِرد گرد کیا چیزیں موجود ہیں اور کون لوگ ہیں۔ جب وہ اپنا پین، پنسل یا کتاب دکھائیں تو انہیں بتائیں کہ آپ سب کے پاس کتاب ہے۔ کتاب ایک چیز ہے جس کا ہم نے ایک نام رکھ دیا ہے اور وہ نام ہے کتاب۔ جب ہم لفظ پنسل بولتے ہیں تو فوراً ہمارے ذہن میں ایک خاص چیز آجاتی ہے جسے پنسل کہتے ہیں۔ دوسری مثالوں سے جانچ کریں کہ آیا بات ان کی سمجھ میں آگئی ہے۔

اب طلبہ کو بلی اور کتّے کی مثال سے انہیں بتائیں کہ ایک خاص قسم کے جانور کو بلی کہتے ہیں۔ اس کا نام بلی ہے اور ایک جانور کا نام کتّا ہے۔ اسی طرح دوسرے جانوروں کے بارے میں بتائیں کہ ہر چیز، جاندار اور بے جان اشیا کا ایک نام ہو تا ہے۔

ہم گھر میں رہتے ہیں، سکول جاتے ہیں، باغ کی سیر کرتے ہیں۔ یہ سب مختلف جگہیں ہیں جہاں ہم رہتے ہیں، جاتے ہیں، پڑھتے ہیں یا سیر کرتے ہیں۔ ہر جگہ کے لیے ایک خاص لفظ استعمال کرتے ہیں۔

میں ایک لڑکی ہوں، وہ ایک لڑکا ہے، میری امی بہت اچھی ہیں، ہماری ٹیچر ہمیں پڑھاتی ہیں۔ ان سب جملوں میں ہم انسانوں کی بات کر رہے ہیں۔ لڑکی، لڑکا، امی، ٹیچر جیسے الفاظ ہم لوگوں کے بارے میں استعمال کرتے ہیں۔

" ایسے سب الفاظ جنہیں ہم لوگوں، چیزوں، جگہوں اور جانوروں کے لیے استعمال کرتے ہیں noun کہلاتے ہیں۔ دوسرے الفاظ میں، ایسے الفاظ لوگوں، چیزوں، جگہوں اور جانوروں کے نام ہیں۔ "

اب طلبہ کتاب میں دی گئی تصاویر دیکھیں اور بتائیں کہ کس قسم کے الفاظ noun کہلاتے ہیں۔ مشق کے لیے ورک شیٹ بھی دی گئی ہیں۔ تختہ تحریر پر درج ذیل دو پیراگراف لکھیں اور بآوازِ بلند پڑھیں۔ بچوں سے پوچھیں کہ دونوں میں سے کون سا پیراگراف پڑھنے میں زیادہ اچھا لگتا ہے۔

Akbar has a farm in a village. Akbar grows vegetables. Akbar gets plenty of vegetables every season. Akbar eats fresh vegetables at home. Akbar also sells them in the market. Akbar earns a good income.

بچوں سے پوچھیں کہ جب ہم اردو یا مادری زبان میں بات کرتے ہیں تو کیا ہم ہر جملے میں کسی کا نام استعمال کرتے ہیں۔ مثال کے طور پر، اکبر کھیت میں کام کرتا ہے۔ اکبر سبزیاں اگاتا ہے۔ اکبر تازہ سبزیاں کھاتا ہے۔ اکبر منڈی میں سبزیاں بیچتا ہے۔ ظاہر ہے کہ ہم ایسے بات نہیں کرتے بلکہ لفظ اکبر بار بار استعمال کرنے کی بجائے لفظ "وہ" کا استعمال کرتے ہیں۔ انگلش میں بھی ہم ایک ہی نام کی بار بار نہیں دہراتے کرتے بلکہ اس کی جگہ متبادل لفظ استعمال کرتے ہیں اور ہم درج بالا پیراگراف کچھ یوں لکھیں گے۔

Akbar has a farm in a village. He grows vegetables. He gets plenty of vegetables every season. He eats fresh vegetables at home. He also sells them in the market. He earns a good income.

''وہ لفظ جو کسی noun کی جگہ استعمال کیا جاتا ہے pronoun کہلاتا ہے۔''

بچوں سے پوچھیں کہ اگر آپ کے پاس ایک کتاب ہے اور آپ کے دوست کے پاس بھی ایک کتاب ہے۔ اگر آپ سے کوئی پوچھے کہ آپ دونوں کے پاس کیا ہے تو آپ کیا جواب دیں گے۔ جواب کچھ یوں ہو گا کہ ہمارے پاس دو کتابیں ہیں۔ ہم یہ نہیں کہیں گے کہ ہمارے پاس دو کتاب ہیں بلکہ کہیں گے کہ ہمارے پاس دو کتابیں ہیں۔ جب ہم ایک سے زیادہ چیزوں، لوگوں، جگہوں یا جانوروں کی بات کرتے ہیں تو لفظ میں تبدیلی آجاتی ہے، مثلاً ایک کتاب اور ایک سے زیادہ کتابیں۔ اسی طرح انگلش میں بھی عام طور پر لفظ میں تبدیلی آجاتی ہے۔ زیادہ تر الفاظ کے آخر میں s کا اضافہ ہو جاتا ہے، مثلاً bag کے آخر میں s کا اضافہ ہو جاتا ہے اور لفظ بن جاتا ہے bags۔ لیکن اگر کوئی لفظ ch, sh, x یا o,ss,s پر ختم ہوتا ہے تو لفظ کے آخر میں s کی بجائے es کا اضافہ ہوتا ہے۔

| | |
|---|---|
| bus | buses |
| brush | brushes |
| box | boxes |
| torch | torches |
| glass | glasses |
| mango | mangoes |


وہ nounجو ایک انسان، جانور، چیز یا جگہ کے لیے استعمال ہو واحدsingular کہلا تا ہے اور وہ nounجو ایک سے زیادہ انسانوں، جانوروں، چیزوں یا جگہوں کے لیے استعمال ہوتے ہیں plural کہلاتے ہیں۔

ٹیچر کے لیئے کتاب میں دہرائی اور مشق کے لئے ورک شیٹ بھی شامل ہے۔

اس سبق میں noun کے مذکر مونث کو بھی سمجھایا گیا ہے کہ طلبہ آسانی سے انگلش پڑھ، لکھ اور بول سکیں۔ سب کہانیاں اور رول پلے ان کی زندگی سے جڑے ہوئے موضوعات پر ہیں۔

ٹیچر بچوں کو بتائیں کہ جن باتوں پر افسوس ہوتا ہے انھیں انگلش میں regret کہتے ہیں۔ ٹیچر طلبا سے زبانی پوچھیں کہ وہ کن کن باتوں پر افسوس کا اظہار کرتے ہیں۔ یہاں ٹیچر طلبا کی مدد کریں اور مثالوں سے واضح کریں۔ یہاں ٹیچر طلبا کو رول پلے کے ذریعے اظہارِ افسوس کے تاثرات کی وضاحت بھی بتا سکتے ہیں۔

# Unit 4




## Introduction

This unit consists of different things. Saima is about herself. Subject, verb and sentence are explained. Soft and hard sound of letter "C" and "G" are given in this unit. What we do on sports day is explained. How to introduce yourself and family has been given. Different activities have been written to the concept of conjunction and adverbs also explained

# حاصلاتِ تدریس

E3Bb202: Make simple sentences by using SV (subject verb) and SVO (subject+verb+object) structure

E3Bb201: know and use verb

E3Bb203: Demonstrate use of subject –verb agreement according to person and number

E1Bb104: Recognize that sentences join to make a paragraph and show their relationship in a paragraph

E3Bb106: Recognize and use joining words (conjunction) as and, or but.

E4Bb203: Introduce self

پچھلے سبق میں ایسے الفاظ کے بارے میں بات ہوئی ہے جنہیں ہم لوگوں، چیزوں، جگہوں اور جانوروں کے بارے میں بات کرتے ہوئے یا لکھتے ہُوئے استعمال کرتے ہیں۔ اس سبق میں ان الفاظ کے بارے میں تفصیل سے سمجھایا گیا ہے جنہیں ہم کسی کام کے ہونے کے بارے میں بتانے کے لیے استعمال کرتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ انگلش میں ایسے الفاظ کو verb اور اردو میں فعل کہا جاتا ہے۔

اگر ہمارے پاس ایسے الفاظ کا ذخیرہ نہ ہو تو ہم کسی کام کے کرنے یا ہونے کو بیان نہیں کر سکتے اس لیے verb کے بارے میں جاننا اور ان کا جملوں میں درست استعمال سیکھنا انتہائی ضروری ہے۔ کتاب میں دی ہوئی ہر مشق کی طرح کی مزید مشقیں کروانے کی ضرورت ہے۔

عام طور پر جب verbs کے بارے میں پڑھایا جاتا ہے تو صرف actionverbs کے بارے میں ہی بتایا جاتا ہے۔ اس طرح کی نامکمل معلومات کی وجہ سے طلبہ مشکلات کا شکار رہتے ہیں۔ اسی سبق میں ایک اور قسم کے verbs کے بارے میں بھی بتایا گیا ہے۔ یہ وہ verbs ہیں جن سے بچوں کا سب سے پہلے واسطہ پڑتا ہے۔ مثال کے طور پر،

This is a book.

Those are pencils.

ان جملوں میں is اور are verb ہیں۔ یہ ایسے الفاظ ہیں جن سے ہمیں کسی کام کے ہونے کا نہیں بلکہ کسی چیز، شخص یا جگہ کے ہونے کا پتہ چلتا ہے۔ پہلے میں ایک چیز کے بارے میں بتایا جارہا ہے کہ یہ ایک کتاب ہے اور دوسرے جملے میں زیادہ چیزوں کے بارے میں بتایا جارہا ہے کہ وہ چیزیں پنسلیں ہیں۔

طلبہ اب تک noun اور verb کے بارے میں خُوب اچھی طرح سے جان چکے ہیں اور جملے پڑھ اور لکھ رہے ہیں۔ یہ مناسب وقت ہے کہ بچوں کو انگلش جملے کی ساخت کے بارے میں بتایا جائے تاکہ انہیں خود سے جملے بنانے میں کوئی مشکل نہ ہو۔ کتاب میں درج سرگرمیاں اپنی وضاحت آپ ہیں۔

اس سبق میں طلبہ کو الفاظ بنانا، اسم، فعل اور جملہ سازی کے بعد adverb کے بارے میں سکھایا جائے گا۔ ٹیچر سب سے پہلے طلبا کو our sports day کے سبق کو طلبہ کے ساتھ مل کر پڑھیں اور بتائیں کہ اس سبق میں adverbs کا استعمال کیا گیا ہے تاکہ جملوں میں ایسے الفاظ پڑھ کر طلبہ ان کا استعمال بہتر طور پر سمجھ سکیں۔ کہ وہ الفاظ جو verbs کی وضاحت کرتے ہیں adverb کہلاتے ہیں۔

Everybody goes there happily.

Nobody sits quietly.

Players talk loudly and move quickly.

Some teams play carelessly and they lose badly.

درج بالا ہر جملے میں سرخ رنگ میں دیے ہوئے الفاظ verb ہیں اور سبز رنگ میں دیے ہوئے الفاظ adverb ہیں۔

دونوں الفاظ اکٹھے پڑھنے سے فوراً پتہ چل جاتا ہے کہ adverb کسی جملے میں verb کے معنی کو مزید واضح کرتے ہیں۔

| | |
|---|---|
| goes happily | خوشی سے جاتا ہے |
| sits quietly | خاموشی سے بیٹھتا ہے |
| talk loudly | اونچی آواز میں بولتے ہیں |

طلبہ کی درسی کتاب میں صفحہ نمبر 99 اور 100 کی سرگرمی کو طلبا سے کروائیں تاکہ طلبا adverb کے بارے جان سکیں۔

ٹیچر طلبا کے تین بڑے گروپس بنائیں اور ہر گروپ کو مختلف عنوان دیں کہ وہ اُن پر پانچ پانچ جملے لکھیں۔ جب تمام گروپس کام کر لیں تو طلبہ کو بتائیں کہ اپنے اپنے کام کو پیش کریں۔ ٹیچر طلبہ کے کام کی حوصلہ افزائی کریں۔ اس کے بعد طلبہ سے کہیں کہ آج ہم سیکھیں گے کہ پیراگراف کیسے لکھتے ہیں۔ طلبا کو بتائیں کہ پیراگراف لکھتے وقت چند باتوں کا خاص خیال رکھنا ضروری ہے۔ جیسا کہ

1. پیراگراف کم از کم 5 جملوں پر مشتمل ہوتا ہے۔
2. پہلا جملہ پیراگراف کے عنوان پر لکھا جاتا ہے۔
3. اگلے تین جملے عنوان کو مزید واضح کرتے ہیں۔
4. آخری جملہ پیراگراف کو اختتامی طور پر بیان کرتا ہے۔

5. پیراگراف میں ربط ہونا نہایت ضروری ہے۔

6. دو جملوں میں ربط پیدا کرنے والے الفاظ (as, and, but) کا استعمال کیا جاتا ہے۔

اس سبق میں بھی پیراگراف کی صورت میں معلومات دی گئی ہے۔ ٹیچر طلبہ سے کہیں کہ آئیں ہم اس سبق کو دوبارہ سے پڑھیں اور دیکھیں کہ کیا سبق میں دیئے گئے پیراگراف میں کوئی ربط ہے۔ یہ تعلق الفاظ، جملوں اور معلومات کے تسلسل سے واضح ہو گا۔ ٹیچر طلبا کو بورڈ پر ملانے والے الفاظ (as, and, but) کی مشق کروائیں جو کہ صفحہ نمبر 91 دی گئی ہے۔

ٹیچر طلبا کو صفحہ نمبر 113 میں دیا گیا introduction کو طلبا کے ساتھ پڑھیں اور بتائیں کہ جب ہم بولتے ہیں تو بولے جانے والے تاثرات کا استعمال کیا جاتا ہے۔ لہذا ٹیچر اس تعارف والے سبق کو مکمل تاثرات کے ساتھ پڑھائیں۔


## سرگرمی:

ٹیچر تمام طلبا کو جوڑوں کی صورت میں بٹھائیں اور کہیں کہ وہ کاپیوں پر اپنا اپنا تعارف introduction لکھیں۔

ٹیچر ان تمام طلبہ کے کام کو چیک کریں اور کہیں کہ اب لکھے گئے تعارف کو عملی طور ایک دوسرے کے ساتھ مشق کریں۔

ٹیچر طلبا کو سامنے بُلا کر تعارف introduction کی مشق کروائیں تا کہ طلبہ خود کو دوسروں کے سامنے متعارف کروا سکیں۔

# Unit 5



## 5.1 Holidays

My brothers and I love holidays. We enjoy a number of holidays throughout the year.

Every Saturday, we wait for Sunday to come. Sunday is a day of activity and sports for us. We go out and play with friends. Sometimes, our parents take us to a park for picnic. We eat, play and have fun there. Sunday is the seventh day of the week. On Monday, we go back to school. Monday is the first day of the week.

We have many other national holidays. On 23rd March, we celebrate Pakistan Day. We also get holiday on 14th of August to celeberate the Independence Day. Quaid-e-Azam Muhammad Ali Jinnah's Birthday is on 25th of December. On this day we remember and thank Quaid-e-Azam for creating Pakistan for us. We eat sweets and share our happiness with others.

Our school remains closed for more than two months summer vacations in a year.

## Introduction

In this unit it is explained that holidays have fun. We enjoy 23rd March, 14th August and Eids etc. every year. It also tells how to convert from present to past. How Rehmat bibi runs a family shop. How Hina celebrates Eid day. You will learn paragraph writing Days of Week, Names of the Months, about Calendar, make timetable, look at the clock and tell time. Learn about report card. How to dialogue, count numbers one to hundred.

## حاصلاتِ تدریس

E1Bb104: Read sentences and their relationship in a paragraph

E2Bb101: Write a guided paragraph.

E2Bb203: Complete a simple paragraph by filling missing information and using the given words, phrases and sentences

E2Bb204: Use given vocabulary to write a simple paragraph

E3Bb205: Illustrate the use of simple tenses (present, past and future)

E3Bb208: Use of appropriate form of verb

E4Bb206: Express opinions

E1Bb204: Locate specific information in a clock, calendar, class, timetable and students report card

E2Bb105: Write ordinal numbers "eleventh to fiftieth"

E2Bb104: Write numbers from 11-100 in words

آپ جانتے ہیں کہ ہم جو کچھ بھی کرتے ہیں وہ مختلف زمانوں میں ہوتا ہے۔ بعض کام زمانہ حال میں ہوتے ہیں۔ کچھ کام ایسے ہوتے ہیں جو ہم ماضی میں کر چکے ہوتے ہیں اور کچھ کام آنے والے وقت میں ہوں گے۔ اس سبق میں زمانے کے تینوں حال مثلاً ماضی، حال اور مستقبل کے بارے میں پتہ چلتا ہے۔ اسی سبق میں بتایا گیا ہے کہ پیراگراف کیسے لکھا جاتا ہے۔ اس کتاب میں ہر سرگرمی اس طرح دی گئی ہے کہ وہ اپنی وضاحت آپ ہے۔

نوٹ: Guided Paragraph کی اچھی طرح وضاحت کی جائے۔ مثلاً درج ذیل کی وضاحت کی جائے۔

1 Topic Sentence:

A sentence that expresses the main idea of a paragraph.

2 Supporting Details:

These are the specific facts, evidences or ideas that support the main idea of a paragraph.

3 Concluding Sentence:

It summarizes the main points of a paragraph or gives an opinion about the idea or given information.

اساتذہ پیراگراف لکھناTopic Sentence اور Concluding Sentence, Supporting Details سکھانے کے لئے پیراگراف کے تین حصوں کی طلبہ کے لئے اچھی طرح وضاحت کریں۔ طلبہ کو ان تین حصوں کی پریکٹس کروائی جائے تاکہ ایک اچھا پیراگراف لکھ سکیں۔

پیراگراف کی مشق کروانے کے لئے طلبہ کو ایک پیراگراف لکھ کر دیں جس میںTopic Sentenceکو واضح کریں پھر مختلف پیراگراف کے نمونے Topic Sentence تلاش کرنے کو کہیں اسی طرحSupporting Details اورConcluding Sentenceطلبہ کو دیں اور مشق کروائیں۔


اس سبق میں انگلش الفاظ میں ایک سے سو تک گنتی لکھنا سکھایا گیا ہے۔ اس کے علاوہ مقام کے اعتبار سے گنتی بھی سکھائی گئی ہے۔ آپ اپنی جماعت میں کئی سرگرمیاں کروا سکیں گے۔ مثال کے طور پر، آپ بچوں کے درمیان رسّہ کشی کا مقابلہ کروائیں۔ انگلش میں گنتی کروائیں کہ کل کتنے طلبہ کھیل میں شریک ہیں اور مختلف بچوں کی طرف باری باری اشارہ کر کے پوچھیں کہ فلاں بچہ کس نمبر پر ہے اور اسے انگریزی میں کیا کہیں گے۔

یہ سمجھانے کے لیے کہ ہفتوں اور مہینوں کے نام capital letter سے شروع ہوتے ہیں بچوں کے ساتھ درج ذیل سرگرمی کریں۔

پوچھیں کہ جماعت میں کتنے لڑکے اور لڑکیاں ہیں۔ ہر طلبہ سے اس کا نام پوچھیں۔ پھر بتائیں کہ ہر لڑکے اور لڑکی کا ایک خاص نام ہے۔ اسی طرح ہفتے میں سات دن ہیں لیکن ہر دن کا ایک خاص نام ہے۔ ان سے ہفتے کے دنوں کے نام پوچھیں انگلش زبان میں ایسے الفاظ capital letter سے شروع ہوتے ہیں۔

انگلش کے ایسے جملے لکھوائیں جن میں دنوں اور مہینوں کے نام استعمال ہوں۔ بار بار ایسی مشقیں کروائیں۔ طلبہ سمجھ سکیں کہ جملے کے اندر بھی بڑے حروف capital letters استعمال کیے جاسکتے ہیں۔

# Unit 6



6.1 Safety First (Poem)

Up the street I look to see,
If any traffic's near to me.
Down the road I look as well,
and listen for a horn or bell.

There's something coming, wait a bit,
If I run out, I may be hit.
but now the road is really clear,
no car or motor bus is near.
I can run across the road so wide,
hurrah! I'm safe the other side.

**Activity-1**
Answer the following question.

1. What is this poem about?

2. Which are the rhyming words in first stanza?

3. Which words rythm with bit, well, clear and wide ?

4. Why we should look up the street?

5. If something is coming, what should we do?

## Introduction

This poem 'Safety First' is to be careful about traffic in the street and on the road. One should listen the horn or bell before crossing the road.If someone rushes to the road without care, may be hit by a car or bike.

حاصلاتِ تدریس

E1Bb202 :Use alphabetical order to locate words in a dictionary

E1Bb101: Read with comprehension

نظم اس طرح سے پڑھائیں کہ بچوں پر نہ صرف ایک ایک لفظ کا مفہوم واضح ہو بلکہ وہ نظم کا مرکزی خیال بھی سمجھ جائیں۔ جب طلبہ نظم کا مفہوم خُوب اچھی طرح سے سمجھے ہوں۔ بچوں سے سوالات پوچھے جائیں تاکہ وہ نظم کا مفہوم و مرکزی خیال سمجھ سکیں۔ بچوں سے کتاب میں دیئے گئے سوالات پوچھیں۔

## سرگرمی

ٹیچر پہلے ایک تصویر چسپاں کرے اس سے متعلق چند جملے تختہ تحریر پر لکھیں۔ باری باری طلبہ سے کہیں کہ وہ لکھے گئے جملوں کو درست ادائیگی اور تلفظ سے پڑھیں۔ اس کے بعد طلبا کو مختلف لفظوں کے فلیش کارڈز دے کر طلبا سے گروپس کی صورت میں چھوٹے چھوٹے جملے بنوائیں۔ تمام گروپس آخر میں بنائے گئے جملوں کو باقی طلبہ کو پیش کریں۔ یہاں ٹیچر طلبا کی رہنمائی کریں۔

ٹیچر اس سرگرمی کے بعد طلبہ کی درسی کتاب صفحہ نمبر163 میں دی گئی سرگرمیاں کروائیں۔ یہاں ٹیچر اس بات کا خاص خیال رکھیں کہ طلبہ پڑھتے وقت جملوں کو سمجھ کر پڑھیں۔ طلبا سے کہیں جس لفظ یا جملے کا معنی واضح نہ ہو وہ ٹیچر سے پوچھیں۔

ٹیچر کتاب میں سے کوئی سبق طلبا کو پڑھنے کو کہیں۔ اس کے ساتھ ساتھ دو یا تین سوال بھی دیں کہ اس سبق میں ان سوالوں کے جواب خود سے لکھ کر لائیں۔ یہاں ٹیچر طلبہ کے کام کو چیک کریں اور درست نہ ہونے کی صورت میں طلبہ کی رہنمائی کریں۔

اس سبق میں بچوں کو ڈکشنری دیکھنا سکھایا گیا ہے۔ کمرۂ جماعت میں ڈکشنری بچوں کے سامنے رکھیں اور بتائیں کہ ڈکشنری میں الفاظ حروف تہجی کی ترتیب سے ڈھونڈے جاتے ہیں۔ اس کے بعد انہیں الفاظ دیں کہ وہ انہیں ڈکشنری میں ڈھونڈیں لکھیں اور اُنہیں حروف تہجی کی ترتیب سے لکھیں۔

## سرگرمی

ٹیچر پہلے 3 مثالوں کو تختہ تحریر پر لکھیں اور طلبہ کو ان مثالوں کے ذریعے سمجھائے۔ اس کے بعد ٹیچر طلبہ کو جوڑوں میں یہی کام پہلے زبانی کروائے اور آخر میں طلبہ سے جوڑوں / گروپ کی مدد سے مزکورہ بالا سرگرمیوں کو تحریری طور پر کروائیں اور گھر سے پانچ پانچ جملے لکھ کر لانے کو کہیں۔

## سرگرمی

ٹیچر اس ڈائیلاگ کو طلبہ کے ساتھ بطور رول پلے کروائیں۔ اس کے بعد تمام طلبہ ان ڈائیلاگ کو کتاب سے دیکھ کر پڑھیں۔ ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ وہ رول پلے میں بولے گئے لفظوں کو غور سے پڑھیں۔ ٹیچر طلبہ سے پوچھیں کہ اس ڈائیلاگ سے ہم نے کیا سیکھا ہے؟ یہاں ٹیچر طلبہ کی رہنمائی کریں۔

## سرگرمی

ٹیچر اس سرگرمی میں دو یا تین طلبہ کو ایک ساتھ بیٹھائیں۔ ٹیچر طلبا کو درسی کتاب میں دیئے گئے الفاظ کی اِملا کروائیں۔ اور اس کے بعد ٹیچر طلبہ کو جوڑوں / گروپ میں اِملا کی مشق کروائیں۔ طلبہ سے کہیں کہ وہ ایک دوسرے کی غلطیوں کی شناخت کرنے کے بعد درست کرنے کو کہیں۔ آخر میں ٹیچر تمام طلبہ کی اِملا درست کریں تاکہ تمام طلبہ کو درست سپیلنگ کے لئے رہنمائی کی جاسکے۔

# مثالی سبق(Model Lesson)برائے انگریزی

عنوان: Bookshop

وقت: 1 گھنٹہ

**تدریسی مقاصد**

- Write di-syllabe words with correct spellings.
- Understand the story and poems.
- Make requests and respond to requests.
- Understand and express opinion about simple stories and poem (as like, dislike)

**تدریسی معاونات**

درسی کتاب، ٹیچر گائیڈ، تختہ تحریر، مارکر، چارٹس وغیرہ

**آمادگی**

ٹیچر طلباء کو درسی کتاب پیکج B کے صفحہ نمبر 35 پر موجود تصویر دیکھنے کو کہے گا اور ذہنی آمادگی (brain stroming) کراتے ہوئے ان کو موضوع کی طرف لائے اور کچھ سوالات پوچھیں مثلاً

- اس تصویر میں آپ کیا کیا دیکھ رہے ہیں؟
- کتاب کی دُکان کو انگریزی میں کیا کہتے ہیں؟
- کتاب کی دُکان سے کس طرح کتابیں ملتی ہیں؟
- آپ کو کس قسم کی کتابیں پسند ہیں؟
- کتاب پڑھنے کا فائدہ کیا ہوتا ہے؟

## تدریسی حکمتِ عملیاں(Instructural Resource)

ذہنی آمادگی، رول پلے، مظاہرہ، گروپ ورک پیشکش

### سرگرمی:1

Syllables کو سمجھانے اور ذہن نشین کروانے کے لئے طلباء کو مختلف الفاظ بڑے بڑے حروف سے کسی چارٹ وغیرہ پر لکھ کر دیں اور ان الفاظ کو syllables حصّوں میں کاٹ دیں۔ پھر ان کو جوڑ کر الفاظ بنائیں۔ مثلاً

Pen-cil

Uni-form

Doc-tor

Can-dle

- Syllable کوئی لفظ یا لفظ کا حصہ ہوتا ہے جس میں ایک vowel sound ہوتا ہے مثلاً car, cat, book, top, pen, ink وغیرہ۔
- ٹیچر طلباء کو story اور poems کے درمیان فرق واضح سمجھائے۔ سُننے اور بولنے کی اہمیت کو بھی اُجاگر کریں۔

### سرگرمی:2

ٹرینز شرکاء کو چار گروپس میں تقسیم کرے گا جو کہ A,B,C,D کے نام سے ہونگے اور ہر گروپ مندرجہ ذیل سرگرمیاں کرنے کو کہیں گے۔

#### ا۔ سرگرمی برائے گروپ(A)

ٹیچر کو درسی کتاب کے صفحہ نمبر 38،39،40 پر موجود سرگرمیوں کو حل کر کے پیشکش کرنے کو کہیں۔ جس میں وہ Syllables کے بارے میں اپنی معلومات چارٹ پر اُتاریں۔

### ۲۔ سرگرمی برائے گروپ(B)

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ کچھ انگریزی کے سادہ جملوں کا استعمال کرتے ہوئے ایک کہانی ترتیب دیں اور اسے چارٹ پر لکھ کر پیش کریں۔

### ۳۔ سرگرمی برائے گروپ(C)

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحہ نمبر 36 پر موجود ڈاکٹر اور مریض کے درمیان مکالمہ کا بغور کریں اور سٹیج پر آکر رول پلے(Role Play) کریں۔ٹریزان مکالموں کا نتیجہ اخذ کرتے ہوئے کہے گا کہ کسی کی درخواست پر کس طرح جواب دیا جا سکتا ہے۔(Request and Response)

### ۴۔ سرگرمی برائے گروپ(D)

ٹیچر طلباء سے کہیں کہ وہ درسی کتاب کے صفحہ نمبر 41 پر موجود دو طالبعلموں کے درمیان مکالمہ کا بغور مطالعہ کرنے کو کہیں اور اس کو سٹیج پر پیش کرنے کا کہیں۔(Opinions)

ٹیچر مختصراً آج کی گئی تمام سرگرمیوں کو بیان کریں اور تصورات کو واضح کریں۔

## جائزہ

ٹیچر کرائی گئی سرگرمیوں کو مدِّ نظر رکھتے ہوئے درج ذیل سرگرمی کروائے۔ نیچے دیئے گئے الفاظ کو Syllables میں توڑیں۔

## تفویض کاری

ٹیچر طلباء سے کہیں درسی کتاب کے یونٹ نمبر 03(Book Shop) میں موجود تمام سرگرمیاں حل کر کے اگلے دن دِکھائیں۔

# قومی ترانہ

پاک سَرزمین شاد باد　　کِشورِ حسین شاد باد
تُو نِشانِ عزمِ عالی شان　　ارضِ پاکستان
مرکزِ یقین شاد باد

پاک سَرزمین کا نِظام　　قُوّتِ اُخُوّتِ عوام
قوم، مُلک، سَلطنت　　پائندہ تابِندہ باد
شاد باد منزلِ مراد

پَرچَم ستارہ و ہلال　　رَہبرِ تَرقّی و کمال
ترجمانِ ماضی، شانِ حال　　جانِ استقبال
سَایہ خُدائے ذُوالجلال